حمد

ہر ایک شئے کو بنایا جس نے
وہ میرا مالک مرا خدا ہے

شجر زمیں سے اُگائے اُس نے
پہاڑ و دریا بنائے اُس نے
فلک پہ تارے سجائے اُس نے
کرشمے کیا کیا دکھائے اُس نے

ہمیں یہ قرآں بتا رہا ہے
وہ میرا مالک مرا خدا ہے

Edit with WPS Office

ہر ایک شے میں وہی بسا ہے
وہ میرا مالک مرا خدا ہے

وہ جس نے جھرنوں کو نغمگی دی
وہ جس نے کلیوں کو نازکی دی
وہ جس نے پھولوں کو تازگی دی
وہ جس نے بھنوروں کو دل بری دی

اُسی سے قائم ہر اک فضا ہے
وہ میرا مالک مرا خدا ہے

ادارہ

●●●

Edit with WPS Office

۱ الفاظ و معنی:

شعور : عقل، سمجھ	ظہور : ظاہر ہونا
دل بری : دل کو موہ لینا، دل کو پسند آنا	سُرور : فرحت/خوشی/ہلکا ہلکا نشہ
کرشمے : انوکھی چیزیں/انوکھی باتیں	
جھرنا : آبشار/پہاڑوں اور چٹانوں سے گرتا ہوا پانی	
بھنورا : پردار کیڑا، کالا بڑا پتنگا جو پھولوں پر منڈلاتا ہے۔	

Edit with WPS Office

ان مصرعوں کی خالی جگہ کو پر کیجیے۔

1) وہ جس نے جھرنوں کو نغمگی دی

2) وہ جس نے کلیوں کو تازگی دی (نازکی)

3) وہ جس نے پھولوں کو تازگی دی

4) وہ جس نے بھنوروں کو دلبری دی

معنی کی مناسبت سے "الف" اور "ب" کو جوڑ کر مصرعے مکمل کیجیے

الف	ب
1) ہے دوجہاں میں	a) ظہور اس کا
2) ہر ایک دل میں	b) سرور اس کا
3) نفس نفس میں	c) شعور اس کا
4) ہے ذرّے ذرّے میں	d) نور اس کا

Edit with WPS Office

ان الفاظ کو استعمال کر کے مناسب جملے بنائیے۔

(۱) شئے: ہر ایک شئے میں اللہ تعالیٰ کا نور ظاہر ہوتا ہے۔

(۲) زمیں: زمین و آسمان خدا تعالیٰ نے بنائے ہیں۔

(۳) نازک: اللہ نے کلیوں میں نازگی دی ہے۔

(۴) نور: قیامت کے دن نمازی کے چہرے پر نور ہوگا۔

(۵) تازگی: پھولوں میں اللہ تعالیٰ نے تازگی پیدا کی ہے۔

قواعد:

ایک جیسی آواز اور ایک وزن رکھنے والے الفاظ "قافیہ" کہلاتے ہیں۔

مثال: اُگائے، بنائے، سجائے، دکھائے وغیرہ

اس نظم میں استعمال کیے گئے دیگر قافیوں کو تلاش کر کے ان کی فہرست

ظہور، سرور، شعور، نور

Edit with WPS Office

سبق نمبر ۱

نظم

حمد

س: ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے۔

۱) ہر ایک شے کو کس نے بنایا؟

ج) ہر ایک شے کو اللہ نے بنایا۔ (خدا نے بنایا)

۲) فلک پر کیا سجائے گئے ہیں؟

ج) فلک پر تارے سجائے گئے ہیں۔

۳) نفس نفس میں کیا ہے؟

ج) نفس نفس میں اللہ کا شعور ہے۔

۴) خدا کا نور کس میں ہے؟

ج) ذرّے ذرّے میں خدا کا نور ہے۔

۵) تازگی کسے دی گئی ہے؟

ج) پھولوں کو تازگی دی گئی ہے۔

۶) جھرنوں کو کیا دیا گیا ہے؟

ج) جھرنوں کو نغمگی دی گئی ہے۔

Edit with WPS Office

DATE: PAGE:

حمد: اس نظم کو کہتے ہیں، جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف و توصیف بیان کی گئی ہو۔

اہم آسمانی کتابیں چار ہیں۔

(1) تورات: جو حضرت موسیٰ ؑ پر نازل ہوئی۔

(2) زبور: جو حضرت داؤد ؑ پر نازل ہوئی۔

(3) انجیل: جو حضرت عیسیٰ ؑ پر نازل ہوئی۔

(4) قرآن: جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی۔

Edit with WPS Office